
# ٹیچرز گائیڈ

تحریر : رضوانہ رحمٰن

# کالا بھوت



## ٹیچر کیلئے نوٹ

- کہانی کی پڑھائی سے قبل کسی بھی ٹیچر کے لئے ضروری ہے کہ اسے پلاسٹک کے کالے تھیلوں یا پلاسٹک کی مدد سے بنے ہوئے رنگین تھیلوں کے نقصانات خود بھی معلوم ہوں۔ اس گائیڈ میں ہم مختصراً کچھ معلومات آپ کے لئے فراہم کر رہے ہیں۔ پلاسٹک کے ان کالے تھیلوں یا پلاسٹک سے بنی ہوئی کسی بھی قسم کی تھیلیوں کے استعمال کا سب سے بڑا نقصان یہ ہے کہ یہ کوڑے میں موجود چیزوں مثلاً کاغذ، لکڑی، انڈے کے چھلکے، سبزیوں اور پھلوں کے چھلکے، کی طرح گل سڑ نہیں جاتی، نہ کھاد میں تبدیل ہوتی ہے، بلکہ کئی سالوں تک اسی طرح رہتی ہیں۔ ذرا سوچیئے کہ ایک پلاسٹک کے تھیلے کی اوسط عمر تقریباً 500 سال ہے! یعنی 500 سال تک ایک پلاسٹک کا تھیلا اپنی اصل شکل میں برقرار رہتا ہے۔ اس سے اس بات کا اندازہ بخوبی لگایا جا سکتا ہے کہ پلاسٹک سے بنے ہوئے یہ تھیلے ہمارے ماحول پر کس بری طرح اثر انداز ہو رہے ہیں۔ یہ نہ صرف ہماری نباتاتی دنیا بلکہ ہمارے سمندری ماحول کو بھی بہت بری طرح متاثر کر رہے ہیں۔ ایک تیسری دنیا کا ملک ہونے کی وجہ سے ہمارے یہاں خواندگی کا تناسب ویسے ہی بہت کم ہے اور لوگ ان تھیلوں کے نقصانات سے بالکل واقف نہیں۔ ایسے میں اگر ہم سب مل کر ان تھیلوں کے استعمال کو کم سے کم کرنے کا پیغام بچوں کے ذریعہ بڑوں تک پہنچائیں تو یقیناً ان کے استعمال میں کمی آئے گی۔

ٹیچرز اپنے کام کو مزید دلچسپ اور معلوماتی بنانے کے لئے اخبارات اور رسائل میں شائع ہونے والی ایسی خبروں سے بھی مدد لے سکتی ہیں جس میں ماحولیات سے متعلق خبریں اور مضامین شامل ہوں۔

## سیشن 1

15 منٹ
- بچوں سے کہیں کتاب کالا بھوک اپنے بستے سے نکالیں۔ کہانی کے ٹائٹل کے حوالے سے ٹیچر بات چیت کریں۔ لفظ ''بھوت'' بورڈ پر بڑا بڑا لکھیں اور بچوں سے پوچھیں، لفظ ''بھوت'' سننے کے بعد ان کے ذہن میں کون کون سے الفاظ آتے ہیں۔ بچوں کے جوابات یہ ہو سکتے ہیں۔

(1) بھوت خوفناک ہوتا ہے۔
(2) اس سے ہمیں ڈر لگتا ہے۔
(3) بھوت کی کہانیاں ہمیں دلچسپی لگتی ہیں۔
(4) بھوت انسان نہیں ہوتا ہے۔
(5) بھوت ہمیں نقصان بھی پہنچا سکتا ہے۔

بچے جیسے جیسے جوابات دیں بورڈ پر لکھتی جائیں۔

15 منٹ
- اس ذہنی مشق کے بعد ٹیچر بچوں سے کہیں کہ آئیں کہانی پڑھ کر معلوم کرتے ہیں کہ اس کہانی میں

''کالا بھوت'' کیا ہے؟ یا ''کالا بھوت'' کسے کہا گیا ہے؟

اب کہانی ٹھہر ٹھہر کر اور تاثرات کے ساتھ پڑھ کر سنائیں۔ کہانی کے مشکل الفاظ اور ان کا مطلب اچھی طرح سمجھائیں۔ کہانی کے ممکنہ مشکل الفاظ یہ ہو سکتے ہیں۔ رخ کیا۔ سوار ہو گیا۔ تڑپنا۔ دبوچ لینا۔

الفاظ کے معنی اچھی طرح سمجھانے کے لئے بہتر ہے کہ ٹیچر ان الفاظ کا جملوں میں زبانی استعمال کریں تاکہ بچے ان الفاظ کے معنی اچھی طرح سمجھ جائیں۔ کہانی کی پڑھائی ختم ہونے کے بعد بچوں سے مندرجہ ذیل سوالات پوچھیں۔

انہیں کہانی کیسی لگی؟ کہانی کی کون سی تصویر سب سے اچھی لگی اور کیوں؟ کیا انہوں نے کبھی کسی درخت کے اوپر اس طرح سے تھیلوں کو لپٹے ہوئے دیکھا ہے؟ اگر دیکھا ہے تو کہاں؟ اور کیا وہ درخت ہرا بھرا اور سرسبز تھا یا مرجھایا ہوا؟ وہ کون سی چیزیں ہیں جو پلاسٹک کے تھیلوں میں آتی ہیں؟

بچوں کو بتائیں کہ پلاسٹک کے تھیلوں یا پلاسٹک سے بنی ہوئی کسی بھی قسم کی تھیلیوں کے استعمال سے کیا نقصان ہوتا ہے؟

بات چیت کے دوران ان بچوں کی ضرور حوصلہ افزائی کریں جو کلاس میں ہونے والی گفتگو میں کم حصہ لیتے ہیں۔

15 منٹ
- زبانی بنوائے گئے جملوں کو بچوں سے کہیں اپنی کوپیوں میں لکھیں۔ اس کام میں ٹیچر ان کی مدد ضرور کریں۔

## گھر کا کام

- گھر پر بچے کہانی ''کالا بھوت'' اچھی طرح پڑھیں۔

اپنی امی کی مدد سے ایسی تمام اشیاء کی فہرست بنائیں جو گھر میں پلاسٹک کے تھیلوں میں آتی ہیں۔

## سیشن 2

10 منٹ
- بچے گھر سے جو فہرست لکھ کر لائے ہیں وہ سنیں۔ اس کام کے لئے طریقہ کار یہ ہوگا کہ کلاس کے چند بچے فہرست میں سے کچھ چیزوں کے نام پڑھ کر بتائیں۔ ٹیچر یہ الفاظ بورڈ پر لکھتی جائیں۔
- فہرست کی لکھائی کا کام مکمل ہونے کے بعد ٹیچر بچوں سے پوچھیں کہ ان چیزوں میں سے کتنی ایسی

چیزیں ہیں جو پلاسٹک کی تھیلیوں کے علاوہ کسی اور چیز میں بھی گھر میں لائی جا سکتی ہیں۔ مثلاً پھل۔ سبزیاں۔ ٹوکری میں لائی جا سکتی ہیں۔ چاول اور چینی کے لئے کاغذ کے تھیلے استعمال کئے جا سکتے ہیں۔ دہی اور دودھ کسی برتن میں گھر میں لائے جا سکتے ہیں۔ ٹیچر بچوں سے کہیں کہ وہ اپنی امی سے گھر جا کر یہ سوال کریں کہ وہ یہ چیزیں کسی ٹوکری مں رکھ کر یا کاغذ کے تھیلوں میں کیوں نہیں لاتیں۔

15 منٹ
- حاضری کے رجسٹر کے مطابق کلاس کے چند بچوں سے کتاب کی پڑھائی کروائیں۔ کلاس کے کمزور بچوں کی پڑھائی کے دوران حوصلہ افزائی ضرور کریں۔

10 منٹ
- پڑھائی ختم ہونے کے بعد درج ذیل الفاظ بورڈ پر لکھیں۔ پہلے ان الفاظ کے زبانی جملے بنوائیں۔ اس کے بعد اسی کام کو لکھائی کی شکل میں کروائیں۔ (کالا بھوت۔ چالاکی۔ خاموش۔ چھلانگ۔ دریا۔ ضرورت۔ دبوچ لینا)۔

## گھر کا کام

- کام نامکمل رہ جانے کی صورت میں گھر سے مکمل کر کے لائیں۔

## تیاری

- کل کلاس میں جانے سے پہلے چند پلاسٹک کی تھیلیوں اور گملے میں لگے کسی پودے کا بندوبست کریں۔ یا اسکول میں پودوں کی کیاری میں سے کسی ایک پودے کا انتخاب کرلیں۔ جہاں جا کر آپ یہ تجربہ کرسکیں۔

## سیشن 3

5 منٹ
- بچے گھر کا کام مکمل کر کے لائے ہوں گے وہ اصلاح کرنے کے لئے لے لیں۔

20 منٹ
- بچوں کو بتائیں کہ آج وہ کلاس سے باہر جا کر ایک تجربہ کریں گے۔ بچوں کو کلاس سے باہر لے آئیں اور ان سے پوچھیں کہ اگر کسی پودے کو ٹوپی کی شکل میں تھیلی اوڑھا دی جائے تو اس پودے کا کیا حال ہوگا؟ بچوں سے اسی طرح کے سوالات کریں۔ مثلاً
کیا ان کے خیال میں پھول یا پودا اس طریقے سے سانس لے سکتا ہے؟

کیا اس طرح تھیلی باندھنے سے پودا ہمیں اوکسیجن فراہم کرسکتا ہے؟
بچوں کو یہ بات اچھی طرح سمجھائیں کہ کسی چھوٹے بچے کے ہاتھ میں پلاسٹک کا تھیلا نہ چھوڑا جائے اس طرح اس کی سانس بھی رک سکتی ہے۔
اب کسی پودے کے اوپر ایک پلاسٹک کی تھیلی ٹوپی کی شکل میں اوڑھا دیں اور بچوں سے کہیں کہ ہم دو سے تین دن بعد اس پودے کا حال دیکھیں گے کہ اس کے ساتھ کیا ہوا ہے؟

- جس وقت ٹیچر یہ تجربہ کریں اس وقت نظم و ضبط کا خاص خیال رکھیں۔ بچوں کو سمجھائیں کہ پھول پودوں کے گرد جب تھیلیاں اس طرح چمٹ جاتی ہیں تو وہ ہمارے ماحول کو بہت خراب کرتی ہیں۔ پودے سانس نہیں لے پاتے۔ ماحول کو اوکسیجن کم ملتی ہے۔ پودے بیمار ہو جاتے ہیں۔ وغیرہ وغیرہ۔ اس موقع پر بچوں سے یہ بھی پوچھیں کہ جب وہ سمندر کی سیر کرنے جاتے ہیں تو کیا وہاں ساحل صاف ستھرا ہوتا ہے یا گندا؟ انہیں بتائیں کہ اس گندگی کی وجہ سے سمندری جانوروں کا بہت نقصان ہوتا ہے۔ خاص طور پر پلاسٹک کی تھیلیوں کی وجہ سے مچھلیاں آسانی سے سانس نہیں لے سکتیں اور مر جاتی ہیں۔

20 منٹ
- پودے کے ساتھ تجربہ مکمل ہونے کے بعد بچے جب کلاس میں واپس آئیں تو ان سے کہیں کہ وہ آج کلاس میں ہونے والے تجربہ کے بارے میں پانچ سے سات جملے لکھیں۔

## گھر کا کام

- کہانی اچھی طرح پڑھیں۔ کل کچھ مشکل اور کچھ آسان الفاظ کا املا لیا جائے گا۔

## سیشن 4

10 منٹ
- حاضری کے رجسٹر کے مطابق کلاس کے چند بچوں سے کہانی دوبارہ پڑھوائیں۔

20 منٹ
- املا لیں اور املا کی اصلاح بچوں سے خود کروائیں۔ اس کا طریقہ یہ ہوگا کہ املے کے بعد ٹیچر الفاظ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے اپنے املے کو چیک کریں۔

15 منٹ
- کتاب کالا بھوت کے صفحہ 1 پر نظر آنے والے پھلوں کے نام اردو اور انگریزی میں لکھیں۔ پھلوں کی

تصویریں بھی بنائیں۔

## گھر کا کام

- کل کلاس میں جانے سے پہلے ٹیچر بچوں کے لئے پیلے رنگ کے کاغذ، قینچی اور گوند کا بندوبست کر لیں۔ اگر بچوں سے یہ چیزیں منگوانا ہوں تو لسٹ بورڈ پر لکھ دیں۔ بچے کوپی میں اتار لیں۔

## سیشن 5

15 منٹ

- آج کہانی میں سے صفحہ نمبر 5 اور 12 میں بنی ہوئی سورج کی شکل کا بچے غور سے مطالعہ کریں اور بتائیں کہ ان دونوں میں کیا فرق ہے؟ ایسا کیوں ہے؟ بات چیت کے بعد ٹیچر بورڈ پر دو کالم بنائیں اور لکھیں ''سورج ہم سے ناراض ہے''۔ ''سورج ہم سے خوش ہے''۔

جوابات بچے باری باری بتائیں اور ٹیچر اسے کالم میں لکھتی جائیں۔ ممکنہ جواب یہ ہو سکتے ہیں۔

**پہلی تصویر میں سورج ہم سے ناراض ہے کیونکہ**

ہم نے دنیا میں گندگی پھیلا دی ہے۔

دریاؤں کو گندا کر دیا ہے۔

ہر طرف دھواں ہی دھواں ہے۔

ہر طرف شور ہی شور ہے۔

**دوسری تصویر میں سورج ہم سے خوش ہے کیونکہ**

ہم نے کالے بھوتوں کو استعمال کرنا چھوڑ دیا ہے۔

اپنی دنیا کو ہرا بھرا کر دیا ہے۔

کوڑا کرکٹ جلانا چھوڑ دیا ہے۔

25 منٹ

- اس کے بعد بچے پیلے رنگ کے کاغذ کی مدد سے اداس سورج اور مسکراتے ہوئے سورج کی تصویریں بنائیں۔ ٹیچر بچوں کی مدد کریں۔ بچے اسے اپنی کوپی میں لگائیں اور تصویر کے مطابق چار جملے لکھیں۔

## گھر کا کام

- کہانی میں سے دس سے پندرہ افعال (verb) تلاش کر کے لکھیں۔ ٹیچر بچوں پر واضح کریں کہ افعال کسے کہتے ہیں؟ (ایسا لفظ جو action ظاہر کرے فعل کہلاتا ہے)۔ مثلاً
دھونا۔ کودنا۔ دکھانا۔ شور مچانا۔ وغیرہ۔

## سیشن 6

20 منٹ
- بچوں سے کہیں اب سے کچھ دن پہلے ہم نے جس پودے کے گرد پلاسٹک کی تھیلی ٹوپی کی طرح اوڑھائی تھی۔ اس کا حال جاننے کے لئے ہم آپ کو ایک مرتبہ پھر کلاس سے باہر لے جائیں گے اور دیکھیں گے کہ جب پلاسٹک کی تھیلی پودے کے گرد لپٹی رہی تو پودے کا کیا حال ہو گیا۔ ٹیچر بچوں کو باہر لے کر جائیں اور پودا دکھائیں۔ الگ الگ بچوں کے تاثرات پوچھیں۔

25 منٹ
- کلاس میں واپس آنے کے بعد بچے اس بارے میں کم از کم پانچ جملے لکھیں۔

وہ بچے جنہیں لکھائی میں مشکل ہو رہی ہو یا الفاظ کا املا نہ آتا ہو ٹیچر ان کی حوصلہ افزائی اور رہنمائی کریں بچوں کو اپنے خیالات کے بھرپور اظہار کا موقع دیں۔

# کالا بھوت

## ٹیچرز گائیڈ

جملہ حقوق اشاعت : بُک گروپ، کراچی
مطبع : جے۔ ٹی ۔ ایس پرنٹرز

bookgroup
187/2-C, Block 2, PECHS, Karachi: Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: info@bookgroup.org.pk
www.bookgroup.org.pk